
# 12 کیا ہم مل کر کام کر سکتے ہیں؟

4311CH12


ہر گروپ میں کتنے ہیں؟



- یہاں پر 10 تتلیاں ہیں۔

وہ 2 گروپ میں بٹی ہیں۔


ہر گروپ میں 5 تتلیاں ہیں۔



- یہاں ــــــــــــ ریشم کے کیڑے ہیں۔

وہ ــــــــــــ گروپ میں بٹے ہیں۔

ہر گروپ میں ــــــــــــ ریشم کے کیڑے ہیں۔



- یہاں پر ــــــــــــ لڈو ہیں۔

وہ ــــــــــــ گروپ میں بٹے ہیں۔

ہر گروپ میں ــــــــــــ لڈو ہیں۔



© NCERT not to be republished

◆ 18ستارے بنایئے

انہیں 2 برابر گروپ میں بانٹیے۔



ہر گروپ میں ________ ستارے ہیں۔

◆ 18 موتیوں کی تصویر بنایئے

انہیں 3 برابر گروپ میں بانٹیے۔




ہر گروپ میں ________ موتی ہیں۔



© NCERT not to be republished

## دانوں کو بانٹیے





چڑیا 12 دانے لے کر آئی۔

وہ انہیں برابر برابر کیسے بانٹے گی؟

چڑیا نے ہر بچہ کو ایک ایک دانہ دیا۔



اس کے بعد چڑیا نے پھر ایک ایک دانہ بچوں کو دیا۔



اب ہر بچے کے پاس 2 دانے ہیں تو پھر کتنے دانے بچے ہیں؟__________

اس نے ہر بچہ کے منہ میں 1 دانہ اور ڈال دیا۔

سبھی دانے ختم ہو گئے۔



12 دانے بچوں میں بانٹ دیئے گئے۔ یعنی 12 کے 4 حصے کر دیئے گئے۔ ہر بچے کو 3 دانے ملے۔


$12 \div 4 = 3$

© NCERT not to be republished

## اب ذرا یہ کر کے دیکھو........


- گوپو کے پاس 3 پلیٹوں میں جلیبیاں ہیں۔

ہر پلیٹ میں جلیبیوں کی تعداد الگ الگ ہیں۔



پلیٹA　　　　پلیٹB　　　　پلیٹC

اپنے نیچے دی گئی پلیٹوں میں جلیبی بنایئے۔اس طرح کی ہر پلیٹ میں جلیبیوں کی تعداد برابر برابر ہو۔



پلیٹA　　　　پلیٹB　　　　پلیٹC


کل ملا کر یہاں پر کتنی جلیبیاں ہیں؟__________

ہر پلیٹ میں کتنی جلیبیاں ہیں؟__________

کلاس میں بات چیت کیجئے کہ آپ نے جواب کیسے حاصل کیا۔

© NCERT not to be republished

## برابر بانٹنا





یہاں چھ کیلے ہیں۔

یہاں پر تین بندر ہیں۔

اگر وہ کیلوں کو برابر برابر حصوں میں بانٹتے ہیں تو ہر بندر کو دو کیلے ملیں گے۔


چھ کیلوں کے تین برابر حصّے = 2 کیلے ہر حصہ میں

$6 \div 3 = 2$



اگر چھ کیلے ہوں





اور دو بندر ہوں، تو

ہر بندر کو تین کیلے ملیں گے۔

چھ کیلے ÷ 2 = 3 کیلے ہر حصہ میں

$6 \div 2 = 3$

بچوں کو اس کا استعمال کرنے کا موقع دیں تا کہ کیسے چیزیں برابر برابر بانٹی جاتی ہیں اور متعلقہ تقسیم کے لیے ایک جملہ لکھیے۔



© NCERT not to be republished

اگر 60 کیلے ہیں اور 2 بندر تو ہر بندر کو کتنے کیلے ملیں گے؟

________ کیلے۔






◆ پانچ دوستوں کو سڑک پر 5 روپے کے 10 سکے ملے۔

انہوں نے ان سکوں کو برابر برابر بانٹ لیا۔ ہر دوست کو 10 روپے ملے۔

$50 \div 5 = 10$

اگر 10 روپے کے 16 نوٹ ہوں اور 4 دوستوں میں بانٹنا ہو تب

$16 \div 4 =$ ________ اور $4 \times 10 = 40$




اس طرح ان میں سے ہر دوست کو ________ روپے ملیں گے۔

5 دوستوں کو 100 روپے ملے۔ اگر وہ اسے برابر برابر حصے میں بانٹ لیں تو ان میں سے ہر ایک کو کتنے روپے ملیں گے؟ ________



◆ ہری پرشاد کے پاس 30 میٹر لمبی رسی ہے۔

وہ اسے اپنے 3 بچوں میں برابر برابر بانٹنا چاہتا ہے۔

ہر بچے کو ________ میٹر لمبی رسی ملے گی۔

اگر 36 میٹر لمبی رسی ہو تو ہر بچہ کو کتنی رسی ملے گی؟

اور اگر 60 میٹر لمبی رسی ہو تو ہر بچے کو کتنی رسی ملے گی؟ ________


© NCERT not to be republished

## الماری کے کتنے خانے؟



میرے پاس 20 کتابیں ہیں۔ میں الماری کے ایک خانے میں 5 کتابیں رکھ سکتا ہوں، تو بتائیے کہ مجھے ان سبھی کتابوں کو رکھنے کے لئے الماری میں کتنے خانوں کی ضرورت ہوگی؟

پہلے خانے میں 5 کتابوں کو رکھنے کے بعد 15 کتابیں بچیں



دوسرے خانے میں 5 اور کتابیں رکھیں۔
10 کتابیں بچیں۔



تیسرے خانے میں 5 اور کتابیں رکھیں۔
5 کتابیں بچیں۔



چوتھے خانے میں 5 اور کتابیں رکھیں۔
20 کتابوں سے الماری کے 4 خانے بھر گئے ہیں۔
5-5 کتابوں کے گروپ بنانے پر 20 کتابیں 4 خانوں میں آ گئیں۔

اس صفحہ پر اور اگلے صفحہ پر برابر برابر گروپ بنا کر تقسیم کی گئی ہے۔ مثال کے طور پر 5 کتابوں کے برابر برابر گروپ بنائے گئے ہیں۔ یہ عمل برابر برابر بانٹنے سے الگ (4 خانوں میں بانٹنے سے) ہے۔

© NCERT not to be republished

◆ آیئے اب یہ کام کرتے ہیں؟

یہاں پر 28 بٹن ہیں۔



ایک درزی ایک قمیص میں 4 بٹن لگاتا ہے۔

ان 7 قمیصوں میں بٹن لگے ہوئے ہیں۔



$28 \div 4 = 7$


اگر 28 بٹن ہوں اور درزی ہر قمیص پر 7 بٹن لگائے، تو ______ قمیصوں میں بٹن لگیں گے۔


$28 \div 7 =$ ______

© NCERT not to be republished

## مشق کا وقت

1- منکو کے پاس 15 لڈو ہیں اور وہ انہیں 5 ڈبوں میں برابر برابر رکھتی ہے۔





(i) ہر ڈبے میں کتنے لڈو ہوں گے؟

ہر ڈبے میں ________ لڈو ہوں گے۔


$15 \div 5 =$ ________


(ii) اگر وہ صرف 3 ڈبوں کا استعمال کرتی ہے تو ہر ڈبے میں کتنے لڈو ہوں گے؟

ہر ڈبے میں ________ لڈو ہوں گے

________ $\div 3 =$ ________

2- آپ کو 25 کیلوں کو 5 بندروں میں بانٹنا ہے تو آپ ہر بندر کو کتنے کیلے دیں گے۔





ہر بندر کو ________ کیلے ملیں گے۔

© NCERT not to be republished

3- آپ کو 12 غبارے کو 3 لڑکوں میں بانٹنا ہے ہر لڑکے کو کتنے غبارے ملیں گے؟






______ ÷ ______ = ______

ہر لڑکے کو ______ غبارے ملیں گے۔

4- یہاں پر 21 موم بتیاں ہیں۔ انہیں 3 ڈبوں میں برابر برابر رکھنا ہے۔ ہر ڈبے میں کتنی موم بتیاں ہوں گی؟


______ ÷ ______ = ______




© NCERT not to be republished

5- یہاں 18 موزے ہیں۔

ان موزوں کو کتنی لڑکیاں پہن سکتی ہیں؟




6- راج کے پاس روٹیاں بنانے کے لئے 36 منٹ ہیں۔ ایک روٹی بنانے میں 3 منٹ لگتے ہیں۔ وہ اتنے وقت میں کتنی روٹیاں بنا سکتا ہے۔




وہ اتنے وقت میں ______ روٹیاں بنا سکتا ہے۔

7- یہاں پر بکریوں کے پیروں کے 24 نشان ہیں۔ اندازہ لگایئے یہاں کتنی بکریاں آئی ہوں گی۔



© NCERT not to be republished

8- کچھ لڑکیاں اپنے دونوں ہاتھوں سے ایک کھیل کھیل رہی ہیں۔ کھیلنے والی لڑکیوں کی کل ملا کر 60 انگلیاں ہیں۔ اس کھیل کو کتنی لڑکیاں کھیل رہی ہیں؟



9- لکشمی کو 27 کلو آلو بیچنے تھے۔

تین آدمیوں نے برابر برابر (وزن) آلو خریدے۔

ہر آدمی نے ________ کلو آلو خریدے۔



## چھلانگ لگانے والے جانور



ایک مینڈک ایک بار میں 2 قدم کودتا ہے۔



ایک گلہری ایک بار میں 3 قدم کودتی ہے۔



ایک خرگوش 5 قدم کودتا ہے۔



ایک گھوڑا 15 قدم کودتا ہے۔

ایک کنگارو 30 قدم کودتا ہے۔



© NCERT not to be republished

اگلے صفحے پر دیئے گئے راستے کا استعمال کر کے معلوم کیجیے کہ۔

1- کتنی بار کود کر مینڈک 30 پر پہنچ جائے گا؟


$30 \div 2 =$ ______

2- کتنی بار کود کر گلہری 27 پر پہنچ جائے گی؟

$27 \div 3 =$ ______



2019-20




3- کنگارو 2 بار کود کر کون سی گنتی پر پہنچے گا؟

4- ان میں سے کون کون عدد 15 پر ملیں گے؟

________، ________، ________

5- کیا خرگوش کبھی بھی عدد 15 پر پہنچے گا؟________

6- خرگوش کی کتنی چھلانگیں گھوڑے کی ایک چھلانگ کے برابر ہوں گی؟________

7- گھوڑے کی کتنی چھلانگیں کنگاروؤں کی دو چھلانگوں کے برابر ہوں گی؟

8- سب سے چھوٹے کون سے عدد پر مینڈک اور گلہری ملیں گے؟

# آپ کتنے مستعد ہیں؟

◆ 2 کا پہاڑا استعمال کر کر کے جلدی سے تقسیم کیجیے۔

| | | | اشارہ |
|---|---|---|---|
| 18÷2 | = | 9 | 2×9=18 |
| 18÷9 | = | 2 | |
| 16÷2 | = | | |
| 20÷2 | = | | |
| ÷2 | = | 7 | |
| ÷2 | = | 10 | |
| 8÷ | = | 4 | |
| ÷2 | = | 5 | |

◆ 5 کا پہاڑا استعمال کیجئے۔ جلدی سے تقسیم کیجیے

| | | | اشارہ |
|---|---|---|---|
| 10 ÷ 5 | = | | 5×2= ? |
| 20 ÷ | = | 4 | |
| 15 ÷ 5 | = | | |
| 40 ÷ | = | 8 | |
| 20 ÷ 5 | = | | |
| ÷ 5 | = | 6 | |
| 25 ÷ 5 | = | | |
| ÷ 5 | = | 3 | |
| 35 ÷ 5 | = | | |
| ÷ 5 | = | 2 | |

◆ 10 کا پہاڑا استعمال کیجئے۔ جلدی سے تقسیم کیجیے

| | | | |
|---|---|---|---|
| 20 ÷ 10 | = | | |
| 30 ÷ 10 | = | | |
| 40 ÷ 10 | = | | |
| 50 ÷ 10 | = | | |
| 40 ÷ | = | 4 | |
| ÷ 10 | = | 8 | |
| ÷ 10 | = | 5 | |
| ÷ 10 | = | 3 | |
| ÷ 10 | = | 2 | |
| 60 ÷ | = | 6 | |

بچوں کو اس بات کا بڑھاوا دیجئے کہ وہ تقسیم کرنے کے لئے دماغ میں پہاڑوں کا استعمال کریں۔



© NCERT not to be republished

◆ انھیں بھی کیجیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| 9 ÷ 3 | = | | |
| 18 ÷ 9 | = | | |
| ÷ 2 | = | 5 | |
| 20 ÷ 5 | = | | |
| 12 ÷ 4 | = | | |
| 20 ÷ 4 | = | | |
| 12 ÷ | = | 2 | |
| | | | |
| | | | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 4 ÷ | = | 2 | |
| 14 ÷ 7 | = | | |
| 6 ÷ 3 | = | | |
| ÷ 2 | = | 7 | |
| ÷ 2 | = | 3 | |
| 15 ÷ 3 | = | | |
| 8 ÷ 4 | = | | |
| 15 ÷ 5 | = | | |
| 8 ÷ | = | 4 | |
| ÷ 2 | = | 8 | |

© NCERT not to be republished

## پہیلی

اس گھڑی کے چہرے کو تین حصوں میں اس طرح بانٹیے کہ ہر حصہ میں آنے والے عدد کا جوڑ برابر ہو۔

